رول نمبر: ____________

☆ ☆
☆ ☆

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

# اُردو (معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
6027

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا<br>اس مصرع میں موجود ہے: | تشبیہ | استعارہ | تلمیح | مقطع |
| 2 | تشبیہ میں انہیں "طرفین تشبیہ" کہا جاتا ہے: | مشبہ اور مشبہ بہ | مشبہ اور حرف تشبیہ | وجہ شبہ اور غرض تشبیہ | مشبہ اور وجہ شبہ |
| 3 | استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے: | ذو معنوی | مشکل معنوں میں | حقیقی معنوں میں | مجازی معنوں میں |
| 4 | گر مال دیا یار نے تو مال میں خوش ہیں<br>مصرع میں استعارہ ہے: | مال | خوش | یار | دیا |
| 5 | سہما ہوا تھا کوئی گنہگار کی طرح<br>مصرع میں وجہ تشبیہ ہے: | سہما ہوا ہونا | کوئی | گنہگار | کی طرح |
| 6 | بقول پطرس بخاری یو پی کے حملہ آور کیا کہلاتے ہیں؟ | اہل زبان | سالار | اہل سیف | غزنوی یا غوری |
| 7 | علامہ اقبال نے اس شخصیت کو "مخدومی" کہہ کر مخاطب کیا ہے: | اپنے والد کو | اکبر الٰہ آبادی کو | مولانا گرامی کو | میاں ریاض الدین کو |
| 8 | غالب کے دونوں نصابی خطوط میں اس شخصیت کا ذکر مشترک ہے: | میر قاسم علی | میر سرفراز حسین | ہرگوپال تفتہ | نواب مصطفیٰ خان |
| 9 | ابوالقاسم زہراوی کا سن پیدائش ہے: | 935ء | 936ء | 937ء | 938ء |
| 10 | سرسیّد کے ایک دوست لکھا کرتے تھے: | غزلیات | سرسیّد کی کتب | سرسیّد کے خانگی اخراجات | کہانیاں |
| 11 | مطمحِ نظر وسیع ہو ____ ۔ | گئی | گئیں | گئے | گیا |
| 12 | گیند ہاتھ سے ____ ۔ | گرا | گری | گرے | گر گیا |
| 13 | سچ کہنے میں کسی ____ طعن سے نہ ڈریں۔ | کی | کے | سے | اوپر |
| 14 | پٹی کھلی تو درد ____ ۔ | بڑھ گئی | بڑھ گئے | بڑھنے لگی | بڑھ گیا |
| 15 | خالد نے تھوڑے رزق پر اکتفا نہ ____ ۔ | کی | کیا | کیے | کیں |
| 16 | خیال اور ملال شعری اصطلاح میں کیا کہلائیں گے؟ | ہم معنی | ہم ردیف | ہم قافیہ | ہم عصر |
| 17 | میرؔ ان نیم باز آنکھوں میں ساری مستی شراب کی سی ہے<br>یہ شعر ہے: | مطلع | مقطع | پہلا | استعاراتی |
| 18 | لفظ مطلع کے لغوی معنی ہیں: | اولین | آخری | طلوع ہونے کی جگہ | کاٹنے کی جگہ |
| 19 | مکاں بھی ڈسنے لگا ہے اگر مکین کے ساتھ<br>تو آستاں بھی بدل اپنی آستین کے ساتھ<br>اس شعر میں ردیف ہے: | مکین، آستین | کے ساتھ | ساتھ | آستاں، آستیں |
| 20 | غزل کا وہ آخری شعر مقطع کہلاتا ہے جس میں: | قافیہ ہو | ردیف ہو | تشبیہ ہو | تخلص ہو |

1101-XI123-68000